894 ـ عورت کی پیشانی پر بندیا لگانا

سوال

میں ایك سکول بنانے کی کوشش میں ہوں اور آپ اس سلسلہ میں میرا تعاون کریں، سوال یہ ہے کہ آیا عورت کے ماتھے پر بندیا کا نشان مسلمان ہونے کی علامت ہے، اور اگر واقعی ایسا ہی ہے تو کس طرح ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

بعض عورتیں اپنی پیشانی پر بندیا لگاتی ہیں خاص کر برصغیر کی عورتیں، یہ ایسی چیز ہے جس کا اسلام سے بالکل کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ اس قوم کی عادت اور رسم و رواج میں سے ہے.

بعض لوگوں نے ہمیں بتایا ہے کہ یہ شادی شدہ عورت ہونے کی علامت ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ ہندؤوں کی عادت اور رسم ہے جن کی تقلید کرتے ہوئے برصغیر کے باقی علاقوں کی عورتیں بھی لگاتی ہیں.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ حق کی ہدایت نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .